34762 ـ حدیث میں ہے کہ : (جس نے ایک دن اعتکاف کیا ۔۔۔۔) ایک دن کا اعتکاف کب شروع ہوگا

سوال

مندرجہ ذیل کس نے روایت کی ہے ؟
(جس نے بھی اللہ تعالی کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے ایک دن کا اعتکاف کیا اللہ تعالی اس کے اورآگ کے مابین تین خندقوں کی دوری پیدا کردے گا ، ہر خندق دور ہے جتنا کہ دونوں خافقوں کے مابین ہے) ۔
اس حدیث کا درجہ صحت کیا ہے ؟ اوراگر کوئي شخص ایک دن کا اعتکاف کرنا چاہے تووہ اعتکاف کب شروع کرے اورختم کب کرے گا ، اوراسی طرح اگر وہ دودن اعتکاف کرنا چاہے توپھرکب شروع اورکب ختم ہوگا؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مندرجہ بالا حدیث ضعیف ہے ، ایک دن کا اعتکاف نماز فجر کے بعدشروع ہوگا اوراس کی انتہاء غروب شمس پر ہوگي ، اوراسی طرح دو دن بھی ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ۔ .